میں اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ و سلم کے ساتھ موجود تھا آپ لوگوں کے کوڑا کرکٹ پھینکنے کی جگہ پر آئے اور کھڑے ہوکر پیشاب کیا

حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں : میں اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ و سلم کے ساتھ موجود تھا آپ لوگوں کے کوڑا کرکٹ پھینکنے کی جگہ پر آئے اور کھڑے ہوکر پیشاب کیا میں ذرا دور ہٹ کر کھڑا ہو گیا، تو فرمایا : "قریب آ جاؤ" چنانچہ میں قریب آکر آپ کی دونوں ایڑیوں کے پاس کھڑا ہو گیا چنانچہ آپ نے وضو کیا اور دونوں موزوں پر مسح کیا

[صحیح] [متفق علیہ]

حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ وہ اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم کے ساتھ تھے اسی دوران آپ نے پیشاب کرنے کا ارادہ کیا، تو ایک جگہ گئے، جہاں لوگ گھروں میں جھاڑو لگانے کے بعد جمع ہونے والا کوڑا اور مٹی پھینکا کرتے تھے اور وہاں کھڑے ہو کر پیشاب کیا جب کہ عام طور پر آپ بیٹھ کر ہی پیشاب کیا کرتے تھے یہ دیکھ کر حذیفہ رضی اللہ عنہ آپ سے دور ہٹنے لگے، تو آپ نے پاس آنے کے لئے کہا چنانچہ وہ بالکل پاس جاکر آپ کے پیچھے ایڑیوں کے پاس کھڑے ہو گئے، تاکہ ایک طرح سے سترہ بن جائیں اور کوئی آپ کو اس حالت میں دیکھ نہ سکے اس کے بعد آپ نے وضو کیا اور جب پاؤں دھونے کی باری آئی، تو دونوں موزوں کو دھونے کے بجائے ان پر مسح کر لیا موزوں سے مراد چمڑے وغیرہ سے بنی ہوئے پیروں میں پہننے والی چیزیں ہیں، جو دونوں قدموں کو ڈھانپ کر رکھتی ہیں

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/3075